جلالپور آبپاشی منصوبہ کے تحت نہری آبپاش رقبے کی ترقی

اظہارِ دلچسپی برائے لیزر لینڈ لیولنگ کی خدمات فراہم کرنے کے لیے رجسٹریشن

حکومتِ پنجاب کی طرف سے جلالپور آبپاشی منصوبہ کے تحت جلالپور نہر (جہلم اور خوشاب اضلاع) کی تعمیر کا آغاز ہو چکا ہے جس کے نہری علاقے کی ترقی کے لیے سال 20-2019 تا 23-2022 کے دوران 30,000 ایکڑ رقبے کی ہمواریٔ زمین بذریعہ لیزر لینڈ لیولر کرنا مقصود ہے۔ جس کے لیے حکومت کی طرف سے کاشتکاروں کو فارم کی منصوبہ بندی اور ڈیزائننگ، بہتر زرعی و آبپاشی کے طریقوں کی آگاہی اور لیزر لینڈ لیولنگ کے لیے فنی ومالی تعاون (زیادہ سے زیادہ 4,800 روپے فی ایکڑ یا تخمینہ لاگت کا 80 فیصد جو کم ہو) مہیا کیا جائے گا۔

اس منصوبہ کے تحت مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اترنے والے نجی خدمات فراہم کنندگان لیزر لینڈ لیولنگ کی خدمات کے لیے رجسٹریشن کے اہل ہوں گے۔

(i) درخواست دہندہ صوبہ پنجاب کا رہائشی ہو

(ii) درخواست گزار ذاتی ٹریکٹر کا مالک ہو

(iii) مکمل لیزر لینڈ لیولنگ یونٹ موجود ہو جو کہ خود خریدا گیا ہو یا سرکاری اسکیموں کے تحت سبسڈی پر ملا ہو

(iv) منصوبے کے علاقوں میں کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیو لنگ کی خدمات فراہم کرنے پر اتفاق کرتا ہو

(v) قابل اطلاق ٹیکسز (اگر کوئی ہوں) کی ادائیگی کے لئے انکم ٹیکس / پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ساتھ اندراج کروانے پر رضامند ہو۔

(vi) درخواست دہندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب، لاہور کے نام رجسٹریشن کی پروسیسنگ فیس مبلغ 2,000 روپے (ناقابلِ واپسی) بطور پے آرڈر / بینک ڈرافٹ درخواست کے ساتھ لف کرے۔

(vii) رجسٹریشن کی تجدید سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر کی جائے گی

(viii) درخواست دہندہ کے لیے لازم ہے کہ حلف نامہ فراہم کرے کہ (i) درخواست گزار کی طرف سے فراہم کردہ تمام معلومات درست ہیں، (ii) لیزر لینڈ لیولنگ خدمات فراہم کرنے کے لئے تربیت یافتہ آپریٹر موجود ہے (iii) ضرورت کے مطابق منصوبہ کے علاقے میں کہیں بھی خدمات فراہم کرے گا۔

منصوبہ کے تحت قائم کردہ ایک نامزد کمیٹی، درخواستوں / پیش کشوں کا درج بالا معیار کے مطابق جائزہ لے گی اور درخواستوں / پیش کشوں کو قبول / مسترد کرنے کا فیصلہ کرے گی۔ دلچسپی رکھنے والے خدمات فراہم کنندگان (جو شرائط پر پورا اترتے ہوں) کی طرف سے درخواستیں (i) ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، زراعت ہاؤس 21 ڈیوس روڈ، لاہور (ii) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، مکان نمبر C-928 عائشہ کلینک روڈ، بلال ٹاؤن، جہلم (iii) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، مکان نمبر 7/3، بلاک نمبر 19، نیو سیٹلائٹ ٹاؤن، جوہر آباد، خوشاب کے دفاتر میں دفتری اوقات کے دوران 12.02.2020 تک موصول ہونی چاہئیں۔ دلچسپی رکھنے والے خدمات فراہم کنندگان / مزید معلومات / وضاحت یا لیزر لینڈ لیولنگ کے تفصیلی طریقہ کار جاننے کے لئے زیر دستخطی کے دفتر یا ویب سائٹ (www.ofwm.agripunjab.gov.pk) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

زراعت ہاؤس 21-ڈیوس روڈ لاہور

فون: +92-42-99200703

فیکس: +92-42-99200702

ای میل: cadjip@gmail.com